BRAMPTON Flower City
brampton.ca

Service and Information Update

6 فروری 2019

برامپٹن میں بھنگ کے ریٹل اسٹور کا مجوزہ مقام

الکحل اینڈ گیمنگ کمیشن آف اونٹاریو (AGCO) نے برامپٹن میں بھنگ کے مجوزہ نجی ریٹل اسٹور کی تفصیلات iAGCO پورٹل پر دستیاب کر دی ہیں

مجوزہ اسٹور کا مقام 186 مین اسٹریٹ ساؤتھ، سوٹ 190، برامپٹن، اونٹاریو L6W 2E2 ہے۔ AGCO ایک 15 روزہ عوامی اطلاع کے عرصے کو یقینی بنائے گا۔ اگر برامپٹن کے شہری اسٹور کے مقام کے بارے میں کسی قسم کی رائے دینا چاہتے ہوں، تو وہ iAGCO پورٹل کے ذریعے AGCO کو براہ راست اپنی فیڈبیک دے سکتے ہیں۔ تحریری رائے جمع کروانے کے لیے آخری تاریخ 20 فروری 2019 مقرر ہے۔ تحریری رائے جمع کروانے کے حوالے سے مزید تفصیلات یہاں سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

کثرت سے پوچھے جانے والے سوالات

کیا برامپٹن میں بھنگ کے ریٹل اسٹورز قانونی ہیں؟
ہاں، 21 جنوری 2019 کو برامپٹن سٹی کونسل نے برامپٹن میں بھنگ کے ریٹل اسٹورز کو اجازت دینے کے لیے رائے شماری کی۔ اسٹورز کو AGCO کی جانب سے لائسنس فراہم کیے جائیں گے اور منتظم کیا جائے گا۔

کیا سٹی آف برامپٹن شہر میں بھنگ کے تمام مجوزہ ریٹل اسٹورز کے حوالے سے نوٹیفیکیشن جاری کرے گا؟
نہیں، سٹی آف برامپٹن عوامی نوٹیفیکیشن جاری نہیں کرے گا۔ یہ عمل AGCO کے زیرانتظام ہے۔ برائے مہربانی عوامی نوٹیفیکیشن کے عمل کے لیے ان کی ویب سائیٹ دیکھیں۔

میں بھنگ کے نئے ریٹل اسٹور کی درخواست کے عمل سے کیسے باخبر رہوں؟
AGCO بھنگ سے متعلق قواعد و ضوابط اور لائسنس کے عمل کے دستیاب ہونے پر معلومات شریک کرے گا۔ تازہ ترین خبریں حاصل کرنے کے لیے AGCO کی بھنگ کے حوالے سے ای میل فہرست میں سبسکرائب کریں۔

کیا عوام بھنگ کے ریٹل اسٹور کے کسی مجوزہ مقام کے حوالے سے سٹی کو اپنی فیڈبیک دے سکتی ہے؟
عام لوگوں سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ iAGCO پورٹل کے ذریعے AGCO کو براہ راست اپنی فیڈبیک فراہم کریں۔ تحریری طور پر رائے جمع کروانے کے حوالے سے مزید معلومات AGCO کے کینابس سبمشن پیج پر دستیاب ہیں۔

کیا بھنگ کے ریٹل اسٹوروں کو اسکولوں سے فاصلہ رکھنا پڑے گا؟
ہاں، انہیں اسکولوں سے کم از کم 150 میٹرز کا فاصلہ رکھنا پڑے گا۔ فاصلے کی حدود کی بنیاد پر، ریٹیل کی دکانوں کی اجازت والے علاقوں کو سٹی کی ویب سائیٹ پر دستیاب اس نقشے میں وضع کیا گیا ہے۔ وارڈز کے لیے مخصوص نقشے بھی اس ویب پیج پر نیچے دستیاب ہیں۔

30--

میڈیا کنٹیکٹ
مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca